وزیراعظم کی اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر سے ملاقات

24اگست 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 24 اگست 2023 کو جوہانسبرگ میں 15ویں برکس سربراہی اجلاس کے موقع پر اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر سید ابراہیم رئیسی سے ملاقات کی۔

2. دونوں رہنماؤں نے تجارت اور سرمایہ کاری، رابطوں، توانائی اور انسداد دہشت گردی سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں اطراف نے چابہار منصوبے سمیت بنیادی ڈھانچے کے تعاون کو تیز کرنے پر اتفاق کیا۔ رہنماؤں نے افغانستان سمیت علاقائی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

3. وزیراعظم نے صدر رئیسی کو برکس فیملی میں شمولیت پر مبارکباد دی۔

4. صدر رئیسی نے چندریان مشن کی کامیابی پر وزیر اعظم کو مبارکباد دی اور ایران کی برکس رکنیت کے لیے ہندوستان کی حمایت کے لیے وزیر اعظم کا شکریہ ادا کیا۔

جوہانسبرگ
24اگست 2023